علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ہوم اکنامکس-5 (6486) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایڈ (5۔2/04 سالہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ1تا5)

سوال نمبر1: گھر کی آرائش میں سجاوٹی اشیاء، پردوں اور دیواروں کی آرائش کی اہمیت پر بحث کریں اور مثالوں کے ذریعے واضح کریں کہ ان کا درست انتخاب گھر کے مجموعی تاثر کو کیسے متاثر کرتا ہے۔ (20)

سوال نمبر2: توازن، تناسب، تسلسل اور ہم آہنگی کے اصولوں کی وضاحت کرتے ہوئے بیان کریں کہ گھر کی آرائش میں ان اصولوں کا مؤثر استعمال کیوں ضروری ہے۔ (20)

سوال نمبر3: ذاتی صفائی کی اہمیت پر بحث کریں اور واضح کریں کہ اچھی ذاتی صفائی انسانی صحت، شخصیت اور سماجی تعلقات پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے۔ (20)

سوال نمبر4: جلد کی مختلف اقسام کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے ان کی دیکھ بھال کے مناسب طریقے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5: گھر کی آرائش اور ذاتی خوبصورتی کے درمیان تعلق واضح کریں اور بحث کریں کہ یہ دونوں عناصر فرد کی شخصیت اور سماجی زندگی کو کس طرح متاثر کرتے ہیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ6تا9)

سوال نمبر1: ریشوں کی اقسام کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے حیواناتی، نباتاتی اور انسانی ساختہ ریشوں کی خصوصیات، استعمال اور اہمیت پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر2: سلائی کی اہمیت اور سلائی کے دوران ضروری بنیادی نکات پر تفصیلی بحث کریں۔ مختلف اقسام کی سلائیوں (سادہ سلائی، اوورلیپنگ، ہیم اور گسمیوں) کے استعمال بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3: کپڑوں پر مختلف اقسام کے ڈیزائنز اور آرائشوں مثلاً کڑھائی، پیچ ورک، بیل بوٹے اور پلیٹس کی اہمیت پر تفصیلی بحث کریں اور واضح کریں کہ یہ ملبوسات کی خوبصورتی میں کس طرح اضافہ کرتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر4: سلائی کے لیے ضروری سامان کی اہمیت پر بحث کریں اور مختلف اقسام کی سوئیوں، دھاگوں اور کپڑوں کے انتخاب کے اصول واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5: سلائی کے بنیادی اصولوں اور سلائی کی مختلف اقسام کا تفصیلی جائزہ لیں۔ مزید وضاحت کریں کہ سلائی کی مہارت گھریلو ضروریات پوری کرنے کے ساتھ خود روزگار اور معاشی استحکام میں کس طرح معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ (20)